علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: اسلامیات-لازمی (316) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: انٹرمیڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1۔ صفاتِ الٰہیہ کے تقاضوں سے کیا مراد ہے؟اس کی ادائیگی میں انسان کی ذمہ داری کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ توحید کے اثرات کے تحت ایک مومن کی معاشی زندگی کس طرح تبدیل ہوتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ عبادات کا مقصد محض رسومات کی ادائیگی نہیں بلکہ "رضائے الٰہی" ہے،اس کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ قرآن مجید کی وہ دعائیں جو انبیاء نے مانگیں،ان کی اہمیت اور اثر پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ محدثین کے سفرِ حدیث (طلبِ علم کے لیے اسفار) کے ایمان افروز واقعات بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1۔ اسوہ رسول ﷺ کو اپنانے سے موجودہ عالمی مسائل کا حل کیسے ممکن ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی معاشرے کی وہ پانچ خصوصیات لکھیں جو اسے دیگر معاشروں سے ممتاز کرتی ہیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ غصے پر قابو پانے اور معاف کرنے کے عمل کا حقوق العباد سے کیا تعلق ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ حقوق العباد کی پامالی سے معاشرے میں پیدا ہونے والے بگاڑ کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ "تعلیمِ نسواں" کی اہمیت اور اس سلسلے میں رسول اللہ ﷺ کی فراہم کردہ ترغیبات پر بحث کریں۔ (20)